Directorate of Education GNCT Delhi-54

(Practice Question Paper 2023-24)

Sub: Urdu III

Class-VIII

Time2:30Hrs M.M.60

سوال 1 درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 6

بہر حال مسافر مایوسی کے عالم میں مسجد کے ایک کونے میں بیٹھے گیا۔ مسافر کو مایوس اور پریشان حال دیکھ کر شخص اٹھا۔ مسافر کے پاس گیا اور پوچھا۔ "میاں تم کون ہو؟ کہاں سے آئے ہو؟ اور اتنے پریشان کیوں نظر آرہے ہو؟

مسافر نے جواب دیا: ''کیا بتاؤں، مصیبت کا مارا ہوں۔ شہر اس لیے آیا تھا کہ خلیفہ کے پاس جاؤں گا، اپنی مصیبت بیان کروں گا اور کچھ مدد چاہوں گا۔ لیکن یہاں آکر مجھے اور بھی مایوسی ہوئی کہ خلیفہ کے اپنے ہی شہر کے لوگوں کو ڈھنگ کی روٹی بھی میّسر نہیں۔ بس میرا جی بیٹھ گیا۔ دل ٹوٹ گیا۔

(i) مسافر مایوسی کے عالم میں کس کے کونے میں بیٹھ گیا؟

(A) مندر

(B) مسجد

(C) گھر

(D) چرچ

(ii) مسافر شہر کیوں آیا تھا؟

(A) خلیفہ سے ملنے

(B) دوست سے ملنے

(C) رشتے دار سے ملنے

(D) پیسہ کمانے

(iii) جی بیٹھنا کے معنی بتائیے

(A) خوش ہونا

(B) اُداس ہونا

(C) بے چین ہونا

(D) مایوس ہونا

سوال 2 درج بالا شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 6

دیکھو بسنت لائی ہے گنگا پر کیا بہار   سرسوں کے پھول ہو گئے ہر سمت آشکار
ہے کتنی خوش گوار ہوا کوہ سار کی   ہندوستان میں ہے یہی رت بہار کی
ہر کوئی کہہ رہا ہے کہ جاڑا نکل گیا   موسم بدل گیا کہ زمانہ بدل گیا
آمد بہار کی ہے، رہیں کیوں اُداس ہم   پہنیں گے شاد ہو کے بسنتی لباس ہم

(i) خوشگوار ہوا کس کی ہے؟

(A) ہندوستان کی

(B) موسم کی

(C) بہار کی

(D) کوہ سار کی

(ii) ہندوستان میں کس کی رُت ہے؟

(A) برسات

(B) رات

(C) بہار

(D) دن

(iii) لفظ شاد کے کیا معنی ہیں؟

(A) زرد

(B) خوش

(C) زمین

(D) طرف

سوال 3 درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 6

لوک گیت ان گیتوں کو کہتے ہیں جو عوام میں بہت مقبول ہوتے ہیں اور جنھیں اکثر عوام ہی گاتے ہیں۔ یہ گیت چھپی ہوئی کتابوں میں کم ملتے ہیں۔ بہت سے لوک گیت ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے بارے میں ہم یہ بھی نہیں جانتے کہ ان کے خالق کون ہیں۔ لوک گیت زیادہ تر لوگوں کی زبان پر ہوتے ہیں اور ایک نسل سے دوسری نسل تک پہنچتے رہتے ہیں۔ لوک گیت عوامی جذبات، اُمنگوں اور تجربوں پر مبنی ہوتے ہیں اسی لیے وہ کسی گروہ یا قوم کی آواز ہوتے ہیں۔ بعض اوقات ان گیتوں میں عوامی زندگی کی منظر کشی اس طرح ہوتی ہے کہ ہماری نظروں کے سامنے ان کی تصور کھنچی جاتی ہے۔

(i) لوک گیت کن گیتوں کو کہا جاتا ہے

(A) فلموں کے گیت

(B) عوام میں مقبول

(C) اداکار کے گیت

(D) لوگوں میں مقبول

(ii) درج بالا اقتباس میں کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) لوک گیت

(B) ایم ایس سبّا لکشمی

(C) وہ صبح کبھی تو آئے گی

(D) بیربل کی حاضر جوابی

(iii) اوقات کس کی جمع ہے؟

(A) وقت

(B) وکت

(C) واقط

(D) وقف

سوال4 درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 6

برسات کی رات تھی اندھیری

کچھ نیند اُچٹ گئی تھی میری

پانی جو برس کے کھل گیا تھا

گلشن کا غبار دُھل گیا تھا

بیدار تھی باغ میں اکیلی

پھولوں سے لدی ہوئی چمیلی

(i) جگنو کس موسم میں دکھائی دیتے ہیں؟

(A) گرمی

(B) جاڑا

(C) برسات

(D) بہار

(ii) لفظ 'بیدار' کے کیا معنی ہیں؟

(A) سویا ہوا

(B) چمک دار

(C) باغ

(D) جاگا ہوا

(iii) درج بالا شعری اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(A) عورتوں کا درجہ

(B) جگنو

(C) صبر کا پھل

(D) ایک لڑکی کا گیت

سوال 5 نیچے دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

(i) یوم آزادی

(ii) عیدالفطر

(iii) موسم برسات

سوال 6 اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کے نام کھیل کا سامان مہیا کرانے کے لئے ایک درخواست لکھئیے 4

یا

دوست کو خط لکھ کر یوم آزادی کے موقع پر وزیر اعظم کے پروگرام کا احوال بیان کیجئے

سوال 7 دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیے۔ 8

(i) نیچے دیے گئے لفظوں میں سے صرف چار الفاظ کے مذکر کے مونث لکھیے۔

چچا، بھانجا، شہزادہ، گھوڑا، بیٹا

(ii) نیچے دیے گئے لفظوں میں سے صرف چار الفاظ کے جمع کے واحد بنایئے۔

خیالات، خطرات، سوالات، مقامات، عمارات، جوابات

(iii) نیچے دیے گئے محاوروں کے معنی لکھیے۔

چار چاند لگنا   لوہے کے چنے چبانا

(iv) نیچے لکھے گئے الفاظ میں سے کسی دو کے مترادف لکھیے۔

شب، فتح، صدا، سنگ

سوال 8 نیچے دیے گئے سوالات میں سے کسی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 9

(i) حکومت ہند نے مشتاق علی کی خدمات کا اعتراف کس طرح کیا؟

(ii) انگریز ہندوستان میں کس کمپنی کے تاجر بن کر آے؟

(iii) ابن سینا نے کن کن علوم میں مہارت حاصل کی؟

(iv) نرسنگ ہوم کے ڈاکٹر نے امّی سے کیا کہا؟

(V) سبّالکشمی نے کون سی نیی روایت قایم کی؟

سوال 9 نیچے دیے گئے سوالات میں سے کسی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔

(i) ابر بہار کے آنے سے ہمارے ماحول میں کیا تبدیلی آتی ہے؟

(ii) شاعر نے نہر کے پانی کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

(iii) نظم عورتوں کا درجہ کے شاعر کا نام بتایئے؟

(iv) نظم 'ایک لڑکی کا گیت' میں لڑکی نے کیا خواہش ظاہر کی ہے؟

سوال 10. جوڑ ملایئے 4

الف	ب
چڑیا	سبزہ
کوئیل	پانی
پھول	کوکو
چشمہ	چہچہانا

برسات   خوشبوٗ